نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سے سعودی عرب کے صوبہ ہافرالبطین کے سابق گورنر شہزادہ منصور بن محمد آل سعود کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عامر خواص کی لاہور میں ملاقات

لاہور، 08 جنوری 2025: وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سے سعودی عرب کے صوبہ ہافرالبطین کے سابق گورنر شہزادہ منصور بن محمد آل سعود کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عامر خواص نے پنجاب اسمبلی لاہور میں ملاقات کی۔ملاقات میں باہمی دلچسپی کے اموراور دوطرفہ تعلقات کوفروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان سعودی عرب کی دوستی کوقدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے جس نے ہر مشکل گھڑی میں ہمارا ساتھ دیا ہے۔صوبائی وزیر نے سعودی عرب کی پنجاب کے مختلف شعبوں میں تعاون کو سراہا۔انھوں نے کہا کہ وزیراعلی مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب حکومت کا فوکس زرعی شعبہ کی ترقی پر مرکوز ہے جس کے لیے بھرپور اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ 400ارب روپے کی خطیر رقم سے "ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پروگرام" پر عملدرآمد جاری ہے جس کے تحت رواں سال میں کسان کارڈ کے ذریعے کاشتکاروں کو150 ارب روپے کے بلاسود قرضے فراہم کئے جائیں گے۔سموگ کے ایشو کا دیرپا حل میکنائزیشن ہے جس کو کنٹرول کرنے کے لیے حکومت نے بروقت اقدامات کئے ہیں۔رواں سال میں کسانوں کو60 فیصد سبسڈی پر 5 ہزار سپر سیڈرز فراہم کئے جا رہے ہیں۔حکومت پنجاب جدید زرعی مشینری کی رینٹل سروسز کا پروگرام بہت جلد شروع کرنے جارہی ہے جہاں پر تمام مشینری سبسڈی ریٹ پر کسانوں کودستیاب ہوگی۔وزیر زراعت نے کہا کہ پنجاب کے ہر ڈسٹرکٹ میں ایگری مالز قائم کئے جائیں گے جہاں پر کسانوں کو معیاری سیڈ،فرٹیلائزراور پیسٹی سائیڈز سبسڈی پر دستیاب ہوں گے۔مشینری خریدنے کے علاوہ کرایہ پر لینے کی سہولت بھی میسر ہوگی۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ پنجاب حکومت گرین ٹریکٹر اسکیم کے تحت کسانوں کو 9500 ٹریکٹرز فی ٹریکٹر 10 لاکھ روپے سبسڈی پر فراہم کر رہی ہے۔کسانوں کے الیکٹرک ٹیوب ویلز کو سولر پر منتقل کرنے کے لیےاقدامات کیے جارہے ہیں۔صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ پنجاب حکومت محکمہ لائیوسٹاک کی ترقی وترویج کے لیے بھی بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے۔مویشی پال فارمرز میں لائیوسٹاک کارڈ اور جنوبی پنجاب کے 12 اضلاع کی بیوہ ومطلقہ خواتین میں وچھی/اچھی (جانوروں) کی تقسیم اس سلسلہ کی اہم کڑی ہے۔

☆☆☆☆